## ایم کیوایم کے ٹکٹ پر بلا مقابلہ منتخب ہونے والے ممتاز قانون داں بیرسٹر فروغ نسیم کا قائد تحریک الطاف حسین کوفون......سینیٹ الیکشن کیلئے نامزد کرنے پر ایم کیوایم کی قیادت کا شکریہ ادا کیا

## سینیٹ الیکشن میں بلا مقابلہ کامیاب ہونے پر بیرسٹر فروغ نسیم کو الطاف حسین کی مبارکباد

## سینیٹر کے منصب کو اپنی ذات اور خاندانی مفاد کیلئے نہیں محروم ومظلوم عوام کے اجتماعی مفاد کیلئے استعمال کریں۔الطاف حسین

## ایم کیوایم کی قیادت نے جو اعتماد کیا ہے اس پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کروں گا۔بیرسٹر فروغ نسیم

لندن:۔۔۔25،فروری2012ء

سینیٹ کے الیکشن میں ٹیکنوکریٹ کیلئے مخصوص نشست پر ایم کیوایم کے ٹکٹ پر بلا مقابلہ منتخب ہونے والے امیدوار اور ممتاز قانون داں بیرسٹر فروغ نسیم نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کو فون کرکے سینیٹ الیکشن کیلئے نامزد کرنے پر ایم کیوایم کی قیادت کا شکریہ ادا کیا۔جناب الطاف حسین نے بیرسٹر فروغ نسیم کو بلا مقابلہ کامیاب ہونے پر مبارکباد پیش کی اوران سے کہا کہ وہ سینیٹر کے منصب کو اپنی ذات اور خاندانی مفاد کیلئے نہیں بلکہ محروم ومظلوم عوام کے اجتماعی مفاد کیلئے استعمال کریں اور اپنی صلاحیتوں کو ملک کی بہتری کیلئے بروئے کار لائیں۔انہوں نے بیرسٹر فروغ نسیم کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو ثابت قدم رکھے،صلاحیتوں میں اضافہ کرے اور آپ تحریک کی ترویج وترقی اور ملک میں انصاف کے نظام کے قیام کیلئے ایک ستون ثابت ہوں۔بیرسٹر فروغ نسیم نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ ایم کیوایم کی قیادت نے ان پر جو اعتماد کیا ہے وہ اس پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کریں گے اور اپنی صلاحیتوں کو ملک اور عوام کے مفاد کیلئے بروئے کار لائیں گے۔

## جلد ہی پنجاب میں بھی خواتین کا تاریخی جلسہ عام منعقد کیا جائے گا جو اپنی مثال آپ ہوگا۔الطاف حسین

## پنجاب میں خواتین کا جلسہ ثابت کردے گا کہ پنجاب کی مائیں بہنیں کراچی کی ماؤں بہنوں سے کسی طرح پیچھے نہیں ہیں

## پنجاب کے تمام زونوں اور ضلعوں کے عہدیداران،کارکنان اور خواتین جلسہ عام کی تیاریاں شروع کردیں،

## پنجاب کی طالبات سمیت تمام مائیں بہنیں اپنے حقوق کے حصول اور معاشرے میں جائز مقام حاصل کرنے کیلئے جلسہ کو کامیاب بنائیں

## خواتین کو انکے حقوق دینا اور انہیں بااختیار کرنا ایک مضبوط پاکستان اور ایک فلاحی معاشرے کیلئے ضروری ہے

## لاہور میں ایم کیوایم کے مرکزی آفس پنجاب ہاؤس پر ذمہ داروں اور کارکنوں سے فون پر گفتگو

لاہور:۔۔۔25،فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ انشاءاللہ جلد ہی پنجاب میں بھی خواتین کا تاریخی جلسہ عام منعقد کیا جائے گا جو اپنی مثال آپ ہوگا اور جو ثابت کردے گا کہ پنجاب کی مائیں بہنیں کراچی اور سندھ کی ماؤں بہنوں سے کسی طرح پیچھے نہیں ہیں۔انہوں نے یہ بات لاہور میں ایم کیوایم کے مرکزی آفس پنجاب ہاؤس پر لاہور زون کے ذمہ داروں اور کارکنوں سے فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی جن میں خواتین ذمہ داران بھی شامل تھیں۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پنجاب کے تمام کارکنوں خصوصاً تمام ماؤں بہنوں کو کراچی میں ہونے والے خواتین کے تاریخی جلسہ عام کی مبارکباد پیش کی اور پنجاب کے تمام زونوں اور ضلعی عہدیداروں،کارکنوں اور خواتین سے کہا کہ وہ پنجاب میں خواتین کے جلسہ عام کی تیاریاں شروع کردیں اور اس سلسلے میں تمام شہروں اور قصبوں میں چھوٹی چھوٹی کارنر میٹنگز کا آغاز کردیں۔جناب الطاف حسین نے پنجاب کی طالبات سمیت تمام ماؤں بہنوں سے اپیل کی کہ وہ اپنے حقوق کے حصول اور معاشرے میں جائز مقام حاصل کرنے کیلئے پنجاب میں خواتین کے جلسہ عام کو کامیاب کرکے یہ ثابت کردیں کہ سندھ سمیت پورے پاکستان کی خواتین اپنے حقوق کے حصول اور ملک کا نظم ونسق سنبھالنے میں مردوں سے کسی طرح پیچھے نہیں ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ آج پورے ملک میں یہ شعور تیزی سے پھیل رہا ہے اور ہر فرد اس حقیقت کا برملا اعتراف کررہا ہے کہ خواتین کو ان کے حقوق دینا،انہیں بااختیار کرنا اور انہیں معاشرے میں ان کا جائز مقام دینا ایک مضبوط پاکستان اور ایک فلاحی معاشرے کیلئے ضروری ہے۔اس موقع پر پنجاب ہاؤس میں موجود تمام افراد نے جناب الطاف حسین کو کراچی میں ہونے والے خواتین کے تاریخی جلسہ عام کی مبارکباد پیش کی اور کہا کہ کراچی کے جلسہ میں لاکھوں خواتین کی شرکت اور جوش وجذبہ نے پنجاب کی ماؤں بہنوں میں بھی جوش پیدا کردیا ہے اور وہ بھی اپنے حقوق کے حصول کیلئے آگے آنا چاہتی ہیں۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ پنجاب میں بھی خواتین انشاءاللہ جلسہ عام کو کامیاب بنا کر ایک تاریخ رقم کریں گی۔

## مردان اورمیانوالی میں خواتین کوووٹ ڈالنے کےحق سےمحروم رکھنا جمہوریت کے ذریں اصولوں کی کھلی توہین ہے،الطاف حسین

## خودساختہ فرسودہ رسم وروایت کےتحت خواتین کے حقوق سلب کرنے والوں کوفی الفورگرفتار کیا جائے

## ضمنی انتخابات میں جہاں خواتین کوووٹ کے حق سےمحروم رکھا گیا ہے وہاں دوبارہ پولنگ کرائی جائے

## خواتین کوجمہوری عمل سے دوررکھنے کی ہرسطح پرکھل کرمذمت کی جائے

کراچی۔۔۔25،فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مردان اورمیانوالی میں ضمنی انتخابات کے دوران میانوالی اورمردان میں خواتین کوووٹ ڈالنے کا حق نہ دینے اورخواتین کی پولنگ رکوانے کیلئے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس عمل کوجمہوریت کے ذریں اصولوں کی کھلی توہین اورخواتین کے حقوق کی صریحاً خلاف ورزی قراردیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ضمنی الیکشن کے دوران بعض حلقوں میں جاگیرداروں اورسرداروں کی جانب سے الیکشن میں فرسودہ روایت کے تحت خواتین کوووٹ ڈالنے کے حق سے روکا گیا جوکہ قابل مذمت ہے۔انہوں نے کہا کہ ووٹ قوم کی امانت ہے اورقوم کی اس امانت میں خیانت کے مرتکب افرادقانون کی سخت گرفت کے مستحق ہیں۔جناب الطاف حسین نے صدرمملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ ضمنی الیکشن کے دوران بعض حلقوں میں خواتین کوووٹ ڈالنے کے حق سے محروم رکھنے کا سختی سے نوٹس لیا جائے،خودساختہ فرسودہ رسم وروایت کے تحت خواتین کے حقوق سلب کرنے والوں کوفی الفورگرفتار کیا جائے اورضمنی انتخابات میں جہاں خواتین کوووٹ کے حق سے محروم رکھا گیا ہے وہاں دوبارہ پولنگ کرائی جائے اورخواتین کوجمہوری عمل سے دوررکھنے کی ہرسطح پرکھل کرمذمت کی جائے۔

## بحرین فسادات میں جاں بحق ہونے والےمقصوداحمد نامی شخص کا جسدخا کی ایم کیوایم کےوفاقی وزیر کی کوششوں سے کراچی پہنچ گیا

## حق پرست رکن قومی اسمبلی آصف حسنین اورمتحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کے اراکین نے مرحوم کی رہائشگاہ لانڈھی جاکرتعزیت کی

## مقصوداحمدمرحوم کے ورثاء کا جناب الطاف حسین سے اظہارتشکر

کراچی:۔۔۔25،فروری2012ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پررابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اورحق پرست وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی ڈاکٹر فاروق ستار کی کوششوں سے گزشتہ مہینوں بحرین میں ہونے والےفسادات کے دوارن جاں بحق ہونے والےمقصوداحمد نامی شخص کا جسدخاکی کراچی پہنچ گیا۔مقصوداحمد مرحوم مانسہرہ کالونی لانڈھی کراچی کے رہائشی تھےاور ان کے لواحقین نے اپنی تمام کوششوں کے بعد قائدتحریک جناب الطاف حسین سے بحرین سے مرحوم کا جسدخاکی واپس لانے کی درخواست کی تھی۔دریں اثناءحق پرست رکن قومی اسمبلی آصف حسنین،ایم کیوایم متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کے اراکین خالدمحموداعوان،کامران خان اورفیض الرحمان نےمقصوداحمدمرحوم کی رہائشگاہ واقع مانسہرہ کالونی لانڈھی جاکرمرحوم کےتمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکیااورمرحوم کے بلنددرجات کیلئے دعا کی۔اس موقع پر،بحرین سےمقصوداحمدمرحوم کا جسدخاکی لانے کی کوششیں کرنے پرورثاء نے قائدتحریک جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیااوران کی درازی عمراورصحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔25 فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی گڈاپ سیکٹر یونٹ گل گوٹھ کے کارکن امجد کی والدہ محترمہ جمیلہ بی بی،لیاقت آبادسیکٹر یونٹ 157 کے کارکن راشدخان کے والدعاشق خان،فیڈرل بی ایریاسیکٹر یونٹ 149 کے کارکن سیدعمران اسحاق کے والدسیدمحمد آفاق،کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی ماری پورسیکٹر کے کارکن شاہدعلی کے والدعبدالطیف،ایم کیوایم ایلڈرزونگ بلدیہ سیکٹر یونٹ 112A کے کارکن محمدکبیر کی زوجہ محترمہ عابدہ بیگم،بلتستان زون یوسی شگر کے قائم مقام انچارج نور حسن کے بھائی غلام محمداورایم کیوایم پی آئی بی جہانگیر روڈسیکٹر کے سیکٹرممبر سیداخترعلی کے بھائی اظہرعلی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضوردعا کی کہ مرحومین کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور لواحقین کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم خواتین کو معاشرے میں باعزت اور باوقار مقام دلا کر دم لے، انچارج وارا کین کراچی تنظیمی کمیٹی

## خواتین کے جلسہ عام میں تاریخی مناظر دیکھنے کو ملے، باشعور خواتین متحد ہو کر انقلاب کی جانب گامزن ہیں

## جلسہ عام میں شرکت کرنے والی خواتین سے اظہار تشکر اور فقید المثال تاریخ ساز کامیابی پر جناب الطاف حسین کو مبارکباد

کراچی:۔۔۔25،فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی اور اراکین نے کہا ہے کہ باغ جناح میں ایم کیوایم کے تحت دنیا کے سب سے بڑے خواتین کے جلسہ عام کے انعقاد سے ثابت ہوگیا ہے خواتین بھی معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور انہیں نظر انداز کئے بغیر ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کی امید رکھنا بے کار ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ خواتین کے جلسہ عام میں تاریخی مناظر دیکھنے کو ملے، ایک جگہ لاکھوں خواتین کے جمع ہونے سے واضح ہوگیا ہے کہ باشعور خواتین جاگ اٹھی ہیں اور اپنے اوپر ظلم وجبر اور تشدد کے خلاف متحد ہو کر انقلاب کی جانب گامزن ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم خواتین کی عصمت وعفت، تعلیم وتربیت، ملکیت وجائیداد، معاشی وقانونی حقوق اور تشدد سے تحفظ کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور خواتین کو معاشرے میں باعزت اور باوقار مقام دلا کر دم لے گی۔کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج وارا کین نے باغ جناح میں شرکت کرنے والی خواتین سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کو دنیا کے سب سے بڑے خواتین کے جلسہ عام کی کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی۔

## لاپتہ افراد کے اہلخانہ اور ایم کیوایم کا غم ایک ہے، وسیم اختر

## ایم کیوایم لاپتہ افراد کے اہلخانہ ماؤں بہنوں اور بچوں کے دکھ درد میں پوری طرح شریک ہے

## بلوچستان کے مسئلے پر قائد تحریک الطاف حسین نے سب سے پہلے آواز احتجاج بلند کی

## ایم کیوایم کی مائیں بہنیں 92ء سے اس کرب کا شکار ہیں، کیمپ میں ایم کیوایم کے 28 لاپتہ کارکنان کے اہلخانہ بھی شامل ہوگئے

## چیف جسٹس سپریم کورٹ، صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے احکامات صادر فرمائیں

## اسلام آباد پارلیمنٹ ہاؤس کے سامنے لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے لگائے کیمپ پر متاثرین سے ملاقات اور اظہار ہمدردی

اسلام آباد:۔۔۔۔25فروری2012ء

حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر نے کہا ہے کہ لاپتہ افراد کے اہلخانہ اور ایم کیوایم کا غم ایک ہے کیونکہ ایم کیوایم کو بھی ان حالات کا سامنا رہا ہے اور 92ء کے ریاستی آپریشن سے ایم کیوایم کے 28 کارکنان کو گھروں سے گرفتاری کے بعد ابھی تک لاپتہ ہیں چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے سوموٹو ایکشن لیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتے کو پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد کے سامنے لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے لگائے گئے احتجاجی کیمپ پر اہلخانہ سے گفتگو کے دوران کیا۔وسیم اختر نے کہا کہ ایم کیوایم لاپتہ افراد کے اہلخانہ کے دکھ درد میں برابر کی شریک ہے اور اس غیر آئینی اقدام کے خلاف حکومت کا حصہ ہوتے ہوئے بھی ہر فورم پر بات کریں گی۔انہوں نے کہا کہ 1992 کے ریاستی آپریشن میں لاپتہ کارکنان کے اہل خانہ قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر اس کیمپ میں شامل ہوئے۔انہوں نے کہا کہ آج اس کیمپ میں ایم کیوایم کے لاپتہ کارکنان کے اہلخانہ اور ذمہ داران شرکت کررہے ہیں، ہم سب کا غم ایک ہے، ہم سمجھ سکتے ہیں کہ لاپتہ افراد کا دکھ کیا ہوتا ہے 1992ئسے ہماری مائیں بہنیں جس کرب سے گزر رہی ہیں ہمیں اس کا احساس ہے، ہمارے 28 نوجوان آج تک لاپتہ ہیں ہر دروازہ، ہر تھانہ اور جیل ہم کھنگال چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں جو کچھ ہو رہا ہے اس کے خلاف ایم کیوایم نے سب سے پہلے آواز بلند کی، جو غلط ہے ہم اسے غلط کہتے ہیں حکومت کا حصہ رہتے ہوئے ہم نے حکومت کے خلاف ریلیاں نکالی ہیں، ہم نے مشرقی پاکستان کے الگ ہونے سے کوئی سبق نہیں سیکھا ہے، ہماری بلوچستان کے حوالے سے آج بھی وہی پالیسی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے لاپتہ افراد کی بازیابی کے حوالے سے آواز اٹھائی اب لاپتہ افراد کے حوالے سے قومی اسمبلی کے آنے والے اجلاس میں بھرپور احتجاج کیا جائیگا۔وسیم اختر نے چیف جسٹس آف پاکستان، صدر پاکستان، وزیراعظم پاکستان سے اپیل کی کہ وہ لاپتہ افراد کو بازیاب کرائیں۔قبل ازیں ایم کیوایم کے 28 لاپتہ کارکنان کے لواحقین نے لاپتہ افراد کے لیے لگائے جانے کیمپ میں شمولیت اختیار کی، ان لواحقین نے اپنے پیاروں کی تصاویر اٹھا رکھی تھی اس موقع پر ممبر سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی زاہد ملک، راولپنڈی زون کے ذمہ داران، ممبران قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین، سفیان یوسف اور دیگر موجود تھے۔دریں اثناء اس موقع پر ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی جانب سے لاپتہ افراد کے لیے لگائے جانے والے کیمپ کے شرکاء کے لیے لنچ کا بندوبست کیا، ایم کیوایم کے ذمہ داران اور ممبران پارلیمنٹ وکارکنوں نے لاپتہ افراد کے لواحقین میں کھانا تقسیم کیا۔

## مصیبت کی ہر گھڑی میں ایم کیوایم تاجر برادری کے ساتھ کھڑی ہوگی اوران کے حقوق کے لئے آواز بلند کرے گی، ملک وسیم کھوکھر

## انجمن تاجران غلہ وفروٹ منڈی رائے ونڈ کے عہدیداروں اورتاجروں کے وفد کی ایم کیوایم پنجاب ہاؤس آمد

لاہور:۔۔۔۔25،فروری2012ء

ایم کیوایم لاہورزون کے انچارج ملک وسیم کھوکھر نے کہا کہ مصیبت کی ہر گھڑی میں ایم کیوایم تاجر برادری کے ساتھ کھڑی ہوگی اوران کے حقوق کے لئے آواز بلند کرے گی۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے انجمن تاجران غلہ منڈی رائے ونڈ کے عہدیداروں اورتاجروں کے وفد سے ایم کیوایم پنجاب ہاؤس میں کیا۔وفد میں انجمن تاجران غلہ وفروٹ منڈی رائیونڈ کے صدرمہرعبدالرشید، نائب صدرشیخ عابد،شیخ شان الٰہی ،حاجی نوراحمد سمیت دیگرافرادشریک تھے۔مہرعبدالرشید نے ایم کیوایم کے ذمہ داران سے غلہ منڈی رائیونڈ کے حوالے سے درپیش مشکلات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ انتظامیہ نے عدالتی احکامات کی دھجیاں اڑاتے ہوئے وہاں پر غیر قانونی آپریشن شروع کررکھا ہے جس سے تاجروں کا کاروبارختم ہو چکاہے اورمنڈی میں کام کرنے والے مزدور فاقہ کشی پر مجبور ہو چکے ہیں۔انہوں نے درخواست کی کہ ایم کیوایم اس مسئلہ کوحل کرنے کے لئے ان کی مدد کرے۔ملک وسیم کھوکھر نے تاجروں کویقین دلایا کہ ایم کیوایم ہر پلیٹ فارم پران کے مسئلے کے لئے آواز بلند کرے گی اورانکی ہرممکن مدد کی جائے گی۔وفد کے شرکاء نے ایم کیوایم کے ذمہ داران کاشکریہ ادا کیا۔دریں اثناءایم کیوایم لاہورزون کے جوائنٹ انچارج ساجدعباس سبزواری،اراکین زونل کمیٹی اعظم دانیال،عرفان مئیو اورمیڈیاسیکریٹری لاہورزون خرم شہزادرانانے وفد کا پنجاب ہاؤس آمد پراستقبال کیااورخوش آمدید کہا۔

## قائدتحریک جناب الطاف حسین ملک میں غریب ومتوسط طبقے کے عوام کی حکمرانی چاہتے ہیں،محمد شریف

## جس سے فرسودہ جاگیردارانہ ووڈیرانہ نظام کا خاتمہ ممکن ہے

حیدرآباد:۔۔۔25فروری2012ء

قائدتحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ حق پرستی نے ملک میں عوامی انقلاب کی بنیاد ڈالی جو ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ و وڈیرانہ نظام کے خاتمہ کا سبب بنے گا۔ان خیالات کا اظہارمتحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔انہوں نے مذید کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین کا پیغام حق پرستی ملک کے گوشہ گوشہ میں بتدریج پھیل چکا ہے اورغریب ومظلوم عوام فرسودہ وجاگیرداران نظام سے نجات کیلئے ایم کیوایم پلیٹ فارم پر متحدومنظّم ہو چکے ہیں جو ملک میں انقلاب کی نویددے رہا ہے انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین ملک میں غریب ومتوسط طبقے کے عوام کی حکمرانی چاہتے ہیں جس سے فرسودہ جاگیردارانہ ووڈیرانہ نظام کا خاتمہ ممکن ہے انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کے مظلوم عوام کی انقلابی جماعت ہے اورقائدتحریک الطاف حسین ایسے ہی لیڈر ہیں جس کی ہمارے ملک کواشد ضرورت ہے، جو 98% فیصد غریب متوسط طبقے کے ایماندار پڑھے لکھے باصلاحیت لوگوں کوایوانوں میں بھیج کرانقلابی بنیادوں پر مسائل کوحل کریں تاکہ یہ ملک دوسرے ملکوں کی طرح ترقی یافتہ ملک بن سکے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین ایم کیوایم کے روزاول سے ملک میں رائج فرسودہ ، جاگیردارانہ،وڈیرانہ نظام کے خاتمہ کیلئے عملی طور پر جدوجہد کررہے ہیں یہی وجہ ہے کہ پچھلے ادوار میں جاگیردارنہ،وڈیرانہ اورسرمایہ دارانہ سوچ کے حامل افرادایم کیوایم سے خوف زدہ ہیں اوروقتاً فوقتاً مظلوم عوام کوگمراہ کرنے کیلئے بے بنیاد پروپیگنڈا کرتے رہتے ہیں روایتی طاقت کے گھمنڈ کے ذریعہ بھی جسمانی قتل عام اورمعاشی قتل عام کی منصوبہ بندی کرکے ایم کیوایم کو دہشت گرد ثابت کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں لیکن ان تمام سازشوں کے باوجود مظلوم عوام قائدتحریک جناب الطاف حسین کے پرچم تلے جمع ہونے شروع ہو چکے ہیں اوراسکا منہ بولتا ثبوت ہیں انہوں نے کہا کہ 19 فروری کوایم کیوایم کے زیراہتمام باغ جناح میں ہونے والے خواتین جلسہ (بااختیار عورت مضبوط پاکستان ) میں لاکھوں کی تعداد میں خواتین کی شرکت نے قائدتحریک جناب الطاف حسین اورایم کیوایم پراعتماد کا اظہار کیا ہے تنگ نظریہ کی سوچ رکھنے والوں کیلئے لمحہ فکریہ ہے اوران کودعوت دیتی ہے کہ آیئے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کریں اورملک میں غریب عوام کا سہارا بننے۔انہوں نے کہا کہ فرسودہ جاگیردارنہ نظا سے چھٹکارا حاصل کرکے اپنی آنے والی نسلوں کوغلامی کی زندگی سے آزادی دلائیں اگر 98% فیصد غریب ومظلوم عوام کی حکومت بن گئی تو دو فیصد جاگیردارنہ،وڈیرانہ اورکرپٹ سیاستدانوں کا کیا بنے گا۔

## قائدتحریک الطاف حسین نے ہمیں عوام کی خدمت کے کاموں پر معمور کیا ہے، اکرم عادل
## حق پرست قیادت کی کوشش ہے کہ عوام کے مسائل انکی دہلیز پر حل کئے جائیں اور ہم اسی عمل کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہیں۔
## پریٹ آباد میں ضیاء ہوٹل سے ناز گارڈن تک تعمیر ہونے والے اسفالٹ روڑ کی افتتاحی تقریب کے موقع پر خطاب

حیدرآباد:۔۔۔25،فروری2012

حق پرست رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل نے کہا ہے کہ حق پرست منتخب اراکین اسمبلی دن رات عوامی خدمت اور انکے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے خصوصی فنڈ سے پریٹ آباد میں ضیاء ہوٹل سے ناز گارڈن تک تعمیر ہونے والے اسفالٹ روڑ کی افتتاحی تقریب کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس تقریب میں متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے رکن زونل کمیٹی ،سیکٹرسی کے ذمہ داران وکارکنان اورعلاقے کے معززین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔انہوں نے مذید کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر کے غریب ومظلوم عوام کی ترقی وخوشحالی کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہے اورشہر کے ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں حق پرست قیادت کی کاوشوں سے عوام بنیادی سہولیات میسر ہو رہی ہیں متحدہ قومی موومنٹ نے کبھی بھی اپنی عوام کے مسائل کو پس پشت نہیں ڈالا اور شہر کے مختلف علاقوں میں حق پرست قیادت کی کاوشوں سے ہونے والے ترقیاتی کام اسکا واضح ثبوت ہیں انہوں نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین نے ہمیں عوام کی خدمت کے کاموں پر معمور کیا ہے اور ہماری کوشش ہے کہ ہم بہتر سے بہتر انداز میں اپنے فرض کو نبھائیں انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت کی کوشش ہے کہ عوام کے مسائل انکی دہلیز پر حل کئے جائیں اور ہم اسی عمل کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہیں۔

## ایم کیوایم میرپورخاص زون کا سوگوار کارکنان سے اظہارِتعزیت

میرپورخاص:۔۔۔۔25فروری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ میرپورخاص زون کے انچارج عظیم دانش واراکین زونل کمیٹی سمیت حق پرست رکن سندھ اسمبلی فہیم احمد الطافی نے یونٹ 1/B کے سابق یونٹ انچارج محمد کامران دستگیر کی زوجہ اور سابق حق پرست تعلقہ ناظم غلام دستگیر کمالی کی بہو، یونٹ 4/C کے کارکن خالد راجپوت کے والد، یونٹ 6/B کے کارکن محمد دانش کے والد کے انتقال پر گہرے دُکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اورلواحقین کوصبرجمیل عطافرمائے۔دریں اثناء مرحومین کے نماز جنازہ وتدفین میں ایم کیوایم میرپورخاص کے ذمہ داران وکارکنان سمیت مرحومین کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون کا سوگوار کارکنان سے اظہارِتعزیت

ٹنڈوالہ یار:25فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈوالہ یار زون کے زونل انچارج سید محمد علی شاہ واراکین زونل کمیٹی نے یونٹ دھنگانو بوزدار کے یونٹ انچارج علی ڈنولغاری کے بہنوئی عبدالغفور خان لغاری اور یونٹ پیارولنڈ کے کارکن اصغرعلی کے بڑے بھائی خلیل احمد کے انتقال پر اپنے گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنے جوار رحمت میں جگہ اور لواحقین کو صبر جمیل عطافرمائے۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈو الہ یار زون کے انچارج سید محمد علی شاہ، جوائنٹ زونل انچارج شاہد عالم، اراکین زونل کمیٹی آفتاب عالم، بابو احمد راجپوت، امجد حسین جا گیرانی، ارسلان خانزادہ، یونٹ ذمہ داران و کارکنان سمیت علاقے کی دیگر معزز شخصیات نے بڑی تعداد میں مرحومین کی نماز جنازہ وتدفین میں شرکت کی اور سوگوار لاحقین سے ملاقات کرکے مرحومین کے انتقال پر دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار بھی کیا۔

☆☆☆☆☆